بیاض محمدی کے اردو ترجموں میں جو میری نظر سے گزرے ہیں، سب سے عمدہ ترجمہ
حضرت مولانا … ہے جس میں مولوی احمد … نے فارسی کی بیاض محمدی سے اردو ترجمہ کر کے اعمال کو جمع
کرنے کی سعی کی ہے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ مترجم نے اس میں بہت محنت و کوشش کی ہے لیکن بعض
اعمال میں صرف لفظی ترجمہ پر اکتفا کیا ہے۔ اور اسمیں بعض امور ایسے مخفی رہ گئے ہیں جنکا ظاہر ہونا
ضروری تھا۔ اور وہ اعمال جن کے بغیر … ہو سکتا ہے کہ مترجم نے ان کو یا تو قصداً
درست نہ سمجھا ہو۔ یا ان تک وہ سطور نہ پہنچی ہوں۔ بہرحال حقیقی نظر میں ان کی صحت اور وضاحت
ضروری معلوم ہوتی تھی۔ مثلاً اعمال حب میں لڑکی کے نشانہ پر سورہ یسین والے عمل میں … کا
ترجمہ … نہ کیا گیا۔ اس صورت میں سورہ شریفہ کو لکھنا خلاف شرع اور قرآن مجید کے
ساتھ سوء ادب نہیں ہے۔ اس طرح اور بعض اعمال کے ترجمہ میں کوئی معلومات اور توجہ کی ضرورت
تھی۔ حق تعالیٰ مولوی … صاحب کو جزائے خیر عطا فرمائے انہوں نے بیاض محمدی کا ایک قدیم
نسخہ کتب خانہ دارالعلوم دیوبند سے مہیا کر کے احقر کو اس کے ترجمہ کی جانب توجہ دلائی۔ احقر نے
اپنی ناقص استعداد و علم کے مطابق اعمال کو واضح اور عام فہم بنانے کی سعی کی ہے۔ اور …
جو عملیات … سینہ بسینہ چلے آتے ہیں۔ بغیر کسی بخل کے اپنی خاندانی معلومات کی بنا پر ان کو واضح
دل کے ساتھ عوام کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ اور بعض اعمال میں جن امور کا اظہار ضروری تھا
ظاہر کر دیئے گئے ہیں … بحمد اللہ تعالیٰ تجربات کا اولیٰ ذخیرہ موجود ہے۔ لیکن بیاض محمدی
… کو اس نے اصل نہیں کیا کہ اصل شے سامنے آ جائے۔ اللہ تعالیٰ اس مجموعہ کو شرف
قبول عطا فرمائے۔

احقر ظہیر احمد ——

مدرس دارالعلوم دیوبند

فہرست مضامین اصلی بیاض محمدی

خواص چہل

اسماء اعظم

یہ اسماء اکتالیس ہیں لیکن چہل اسماء کے نام سے مشہور ہیں۔ ان میں سے ہر اسم ایک نبی کے لئے اسم ذات تھا۔ غرض چالیسواں اسم چالیس نبیاً کے ساتھ مخصوص ہیں۔ ہر اسم کی دعوت ایک پیغمبر کی جانب منسوب ہے۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے آپ کے لیے اسم ذات معین ہوا۔ ذیل میں اسماء مذکورہ مع ترجمہ و خواص کے ذکر کئے جاتے ہیں۔

اسماء مع ترجمہ	خواص و دعوت
۱۔ سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّ وَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ يَا سُبْحَانَ ترجمہ: میں تجھ کو پاکی سے یاد کرتا ہوں۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ اے ہر چیز کے پالنے والے اور ہر چیز کے وارث۔ اور اس کے رزق دینے والے اور اس پر رحم کرنے والے اے ہر نقص و عیب سے پاک۔	یہ اسم جلالی ہے حصول مقصد کے لئے اتوار کے دن طلوع آفتاب کے وقت چالیس روز تک تین ہزار اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھے اور تسخیر مطلوب کے لئے جمعہ کے دن غسل کر کے عود سلگا کر ۱۲۱ مرتبہ کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائے یہ اسم حضرت آدم علیہ السلام کی دعوت تھا۔

۲۔ یَا اِلٰہَ الْاٰلِہَۃِ الرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ یَا اَللّٰہُ

اے معبود تمام معبودوں کے بلند تر ہے اس کی بزرگی اے معبود۔ (دعوت نوح)

تسخیر خلق کے لئے پندرہ ہزار مرتبہ روزانہ چالیس روز تک پڑھے۔

۳۔ یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہٖ یَا اَللّٰہُ

ترجمہ۔ اے اللہ کہ آپ تعریف کئے گئے ہیں اپنے تمام کاموں میں اے اللہ۔ (دعوت یونس)

یہ اسم جمالی ہے مقبول خلائق ہونے کے لئے پچاس دن رات دس دس ہزار مرتبہ پڑھے جو امور ظاہر ہوں ان کو چھپائے اور اشکال اور رواج سے خوف نہ کرے۔

۴۔ یَا رَحْمٰنَ کُلِّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَہٗ یَا رَحْمٰنُ

ترجمہ۔ اے ہر چیز کے بخشنے والے اور اس پر رحم کرنے والے اے بہت رحم کرنے والے۔ (دعوت ایوب علیہ السلام)

محبت کے لئے گیہوں یا جو کے ہزار دانے لے کر ہر دانہ پر ایک مرتبہ پڑھے اور کسی برتن میں پانی بھر کر آگ پر رکھے جب پانی گرم ہو جائے دانے اس میں ڈال کر خوب جوش دیوے۔ پھر نکال کر دریا یا نہر کسی جاری پانی میں ڈالے۔

۵۔ یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ۔ (دعوت خضر علیہ السلام)

ترجمہ۔ اے زندہ اس وقت میں کہ نہ ہو کوئی زندہ اپنی بادشاہت کی ہمیشگی اور بقا میں اے زندہ۔

جمالی ہے برائے علاج مرض چینی کی طشتری پر مشک و زعفران سے لکھ کر مصری کے پانی سے دھو کر مریض کو روزانہ پلائے۔

۶۔ یَا قَیُّوْمُ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِّنْ عِلْمِہٖ وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُہٗ یَا قَیُّوْمُ

جمالی ہے عود جلا کر خوشبو کر کے اپنے طباق پر تین دائرے لگا دی ہو

ترجمہ۔ اے قائم رکھنے والے کہ اس کے علم کوئی شے فوت نہیں ہوتی۔ اور نہیں تھکاتی اس کو اس کی نگہبانی اے قائم رکھنے والے۔ (دعوت حضرت صالح علیہ السلام)

سے کھینچے اور ہر دائرہ میں یہ اسم لکھے پھر ۱۰۰ مرتبہ اسم پڑھ کر طباق پر دم کرے طباق حرکت کرے گا۔ پھر الحمد شریف اس پر دم کرے طباق مال مسروقہ کی جگہ پر جا پہنچے گا۔

۷۔ یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلَ کُلِّ شَیْءٍ وَّاٰخِرَہٗ یَا وَاحِدُ۔ (دعوت ادریس)

ترجمہ۔ اے یکتا و ثابت رہنے والے ہر چیز سے پہلے اور اس کے بعد اے یکتا۔

مقہوری دشمن کے لئے ظہر کے وقت غسل کرے اور کسی سے کلام نہ کرے بعد نماز ظہر یہ اسم پچاس مرتبہ پڑھے اور اطاعت خلائق کے لئے بعد نماز عصر کے بعد ساٹھ مرتبہ پڑھا کرے۔

۸۔ یَا دَائِمُ بِلَا نَفَادٍ وَّلَا زَوَالٍ لِّمُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا دَائِمُ۔ (دعوت عیسیٰ علیہ السلام)

(ترجمہ) اے ہمیشہ رہنے والے بلا فنا کے اور اس کے ملک اور بقا کو زوال نہیں ہے اے ہمیشہ رہنے والے۔

جمالی ہے حصول حاجات کے لئے تین روزہ رکھے اور فجر کی نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھے۔

۹۔ یَا صَمَدُ مِنْ غَیْرِ شَبِیْہٍ وَّلَا شَیْءَ کَمِثْلِہٖ یَا صَمَدُ۔ (دعوت ہود علیہ السلام)

ترجمہ۔ اے بے نیاز کہ کوئی چیز اس کے مانند اور مثل نہیں ہے۔ اے بے نیاز۔

چینی کی طشتری پر لکھ کر میاں بیوی کو پلائے محبت زیادہ ہو۔

۱۰۔ یَا بَرُّ الَّذِیْ لَا شَیْءَ کُفْوُہٗ وَلَا اِمْکَانَ بِوَصْفِہٖ یَا بَرُّ۔ (حروف [illegible])

ترجمہ۔ اے نیکی کرنے والے کہ کوئی شے تیرے برابر کی نہیں۔ اور نہ اس کی خوبیوں کے بیان کرنے کا امکان ہے۔ اے نیکی کرنے والے۔

جمالی ہے۔ کشف ارواح کے لئے چالیس روز تک اکتالیس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔

۱۱۔ یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَہْتَدِی الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظَمَتِہٖ یَا کَبِیْرُ (حروف [illegible])

ترجمہ۔ اے بزرگ تو ہی وہ اللہ ہے کہ راستہ نہیں پاتی عقلیں جس کی بزرگی کے بیان میں۔ اے بزرگ۔

یہ اسم جمالی ہے۔ ادائے قرض کے لئے اول درجہ تین سو ساٹھ مرتبہ اور اعلیٰ درجہ دس ہزار مرتبہ روزانہ وقت مقررہ پر پڑھے غیب سے امداد ہوگی۔

۱۲۔ یَا بَارِئُ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ یَا بَارِئُ (حروف [illegible])

ترجمہ۔ اے نفوس کے پیدا کرنے والے بغیر کسی مثال کے خالی ہے۔ اس کی مثال اس کے غیر سے اے پیدا کرنے والے۔

قضائے حاجات کے لئے سات روز تک بارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔

۱۳۔ یَا زَاکِیُ الطَّاہِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَۃٍ بِقُدْسِہٖ یَا زَاکِیُ

ترجمہ۔ اے پاکیزہ کہ پاک ہے جو آفت سے اپنے کمال پاکیزگی میں۔ اے پاک۔

جمالی ہے جن و شیاطین کی تسخیر کے لئے ہفتہ کے دن زحل کی اول ساعت میں شروع کرے اور پندرہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے ۱۱ تاریخ قمری میں شروع کرے۔

۱۴۔ یَا کَافِیَ الْمُوَسِّعُ لِمَا خَلَقَ مِنْ عَطَایَا فَضْلِہٖ یَا کَافِیُ۔

ترجمہ۔ اے کفایت کرنے والے کہ وسعت دینے والا ہے اپنی مخلوق کو اپنے فضل سے اے کفایت کرنے والے۔

جمالی ہے۔ وسعت رزق کے لئے بارہ ہزار مرتبہ روزانہ بارہ دن تک پڑھے۔

۱۵۔ یَا نَقِیًّا مِنْ کُلِّ جَوْرٍ لَمْ یَرْضَہٗ وَلَمْ یُخَالِطْہُ فِعَالُہٗ یَا نَقِیُّ (حروف [illegible])

ترجمہ۔ اے وہ ذات کہ ہر ظلم سے پاک ہے اور راضی نہیں ہے ظلم سے اور نہ اس کے کام ظلم سے مخلوط ہیں۔ اے پاک

برکت عمر کے لئے طلوع شمس کے وقت قمری تیسری تاریخ کو ساعت مریخ میں دو رکعت پڑھے پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ فیل ۵ مرتبہ اور دوسری میں فاتحہ کے بعد سورہ لہب ۵ مرتبہ سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں پڑھ کر کہے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ۱۰۰ مرتبہ اس کے بعد سر کھول کر اس اسم کو ۱۲ ہزار مرتبہ پڑھے چالیس یوم تک۔

۱۶۔ یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَحْمَۃً وَّعِلْمًا یَا حَنَّانُ۔ (حروف [illegible])

ترجمہ۔ اے بہت مہربان تو ہی وہ ہے جس نے ہر شے کو وسعت دی ہے اپنے رحمت اور علم سے اے بہت مہربان۔

۱۷- یَا مَنَّانُ ذَا الْاِحْسَانِ قَدْ عَمَّ كُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّهٗ یَا مَنَّانُ ۔ (دعوت برہج)

ترجمہ: اے نہایت احسان کرنے والے تحقیق تمام ہوگئے ہیں اس کے احسان تمام مخلوقات پر اے احسان رکھنے والے۔

یہ اسم جلالی ہے۔ ادائے قرض کے لئے اس اسم کی کثرت کرے۔ غیب سے خزانہ پائے گا۔

۱۸- یَا دَیَّانَ الْعِبَادِ كُلٌّ یَقُوْمُ خَاضِعًا لِرَهْبَتِهٖ وَرَغْبَتِهٖ یَا دَیَّانُ (دعوت [illegible])

ترجمہ: اے بندوں کو بدلہ دینے والے کہ ہر بندہ اس کے سامنے عاجزی کرتا ہوا قائم ہے اس کے خوف اور اپنی رغبت سے اے بدلہ دینے والے۔

یہ اسم جمالی ہے۔ جس میں جھگڑا ہو تو اس کو کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھ کر بازو پر باندھے اگر ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران سے لکھے گا اور گھر کے اسباب میں رکھے گا۔ وہ محفوظ رہے گا۔

۱۹- یَا خَالِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَكُلٌّ اِلَیْهِ مَعَادُهٗ یَا خَالِقُ

(دعوت یعقوب علیہ السلام)

اے پیدا کرنے والے ہر اس شے کے جو زمین و آسمان میں ہے۔ اور سب کا اس کی طرف مرجع ہے اے پیدا کرنے والے۔

شرف آفتاب کا اگر تیرہ نہ لگے تو اس اسم کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھنے کے بعد دو رکعت نفل پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص اور آیۃ الکرسی دس مرتبہ پڑھے سلام پھیر کر سجدہ میں جائے اور سو مرتبہ یہ درود پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ [illegible] [illegible] پھر یہ اسم مشک و زعفران

سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر سو جائے حق تعالیٰ خواب میں معلوم کرا دیں گے۔

۲۰- یَا رَحِیْمَ كُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَكْرُوْبٍ وَّغِیَاثَهٗ وَمَعَاذَهٗ یَا رَحِیْمُ ۔

ترجمہ: اے مہربان ہر فریادی اور غمزدہ کے اور اس کے فریاد رس اور جائے پناہ اے مہربان۔

جمالی ہے۔ دفع جنون کے لئے دار چینی کے ٹکڑوں پر لکھ کر پانی میں گھس کر مجنون کو پلائے۔

۲۱- یَا تَامُّ فَلَا تَصِفُ الْاَلْسُنُ كُنْهَ جَلَالِهٖ وَمُلْكِهٖ وَعِزِّهٖ یَا تَامُّ (دعوت [illegible])

ترجمہ: اے وہ کہ تمام ہے اور زبانیں بندوں کی نہیں بیان کر سکتیں اس کی عزت و بادشاہی وجلال کی حقیقت کو اے تمام۔

اگر کوئی شخص اس اسم کو اکتالیس روز تک سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے تو ارواح عالم علوی و سفلی مسخر ہوں۔

۲۲- یَا مُبْدِئَ الْبَدَائِعِ لَمْ یَبْغِ فِیْ اِنْشَائِهَا عَوْنًا مِّنْ خَلْقِهٖ یَا مُبْدِئُ (دعوت [illegible])

ترجمہ: اے نوادرات کے از سر نو پیدا کرنے والے کہ ان کے پیدا کرنے میں اپنی مخلوق میں سے کسی سے مدد نہیں چاہی۔ اے نیا پیدا کرنے والے

اگر کوئی چالیس دن تک ۹۹ مرتبہ روزانہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر علم و حکمت کے چشمے کھول دیگا

۲۳- یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِّنْ حِفْظِهٖ یَا عَلَّامُ

اگر کوئی اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ

ترجمہ۔ اے ہر پوشیدہ کو جاننے والے کہ	روزانہ پڑھے علم لدنی عطا ہوئے
کوئی چیز اس کی یادداشت سے فوت نہیں	
ہوتی اے جاننے والے	
۲۴۔ یَا حَلِیْمُ ذَا الْاَنَاۃِ فَلَا شَیْءَ یَعْدِلُہٗ	جمال ہے کسی پاکیزہ خوشبودار
مِنْ خَلْقِہٖ یَا حَلِیْمُ ۔	یا کھانے کی چیز پر دم کرکے سونگھائے
ترجمہ۔ اے نرمی اور بردباری والے خدا کہ کوئی	یا کھلائے محبوب تابعدار ہوگا۔
شے مخلوق میں اس کی برابری نہیں کرسکتی	
علم میں، اے بردبار	
۲۵۔ یَا مُعِیْدُ مَا اَفْنَاہُ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ	جمال ہے پریشانی دفع ہونے کے
لِدَعْوَتِہٖ مِنْ مَخَافَتِہٖ یَا مُعِیْدُ ۔	لئے بعد نماز صبح تین سو ایک مرتبہ
ترجمہ۔ اے بعینہ سابقہ پر لوٹانے والے جس	پڑھا کرے۔
چیز کو بھی اس نے فنا کردیا ہے جب کہ	
مخلوق اس کی دعوت پر ڈرتی ہوئی نکلے گی	
اے لوٹانے والے	
۲۶۔ یَا حَمِیْدَ الْفِعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ	مشترک ہے اگر کوئی اسم کو تین سو
خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ یَا حَمِیْدُ ۔	ساٹھ مرتبہ آیت۔ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْ
ترجمہ۔ اے وہ ذات کہ تعریف کی گئی	اَعْنَاقِھِمْ اَغْلٰلًا فَھِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ
ہے اپنے کاموں کی وجہ سے، احسان	فَھُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۔ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ
کرنے والا ہے تمام مخلوق پر اپنے لطف	اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا

کی وجہ سے اے تعریف کئے گئے۔	فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۔
	ملا کر پڑھے دشمن پر فتح پائے۔
۲۷۔ یَا عَزِیْزُ الْمَنِیْعُ الْغَالِبُ عَلٰی اَمْرِہٖ	جمال ہے کہ چالیس روز تک بیرون شہر
فَلَا شَیْءَ یُعَادِلُہٗ یَا عَزِیْزُ	تنہا بیٹھ کر تین ہزار مرتبہ پڑھے
ترجمہ۔ اے غالب کہ مضبوط غلبہ کرنے والا	مالدار ہوجائے۔
ہے اپنے کاموں پر اور اس غلبہ میں کوئی	
اس کا ہمسر نہیں، اے غلبہ کرنے والے	
۲۸۔ یَا قَاھِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ	
الَّذِیْ لَا یُطَاقُ انْتِقَامُہٗ یَا قَاھِرُ ۔	
ترجمہ۔ اے قہر کرنیوالے سخت پکڑ والے تو	
وہ ہے کہ جس کے انتقام کی کسی میں طاقت	
نہیں اے قہر کرنے والے۔	
۲۹۔ یَا قَرِیْبُ الْمُتَعَالِیْ فَوْقَ کُلِّ شَیْءٍ عُلُوُّ	جمالی ہے جو اس کی مداومت
ارْتِفَاعِہٖ یَا قَرِیْبُ اے وہ نزدیک کہ جس	کرے خلق میں محترم ہو
کے ارتفاع کی بلندی ہر شے پر فائق ہے	
اے قریب	
۳۰۔ یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عَزِیْزِ	
سُلْطَانِہٖ ترجمہ۔ اے ذلیل کرنے والے ہر	جلالی ہے اگر اکیس روز تک
جبار سرکش کے اپنے قہر سے غالب ہے	سات ہزار مرتبہ پڑھے

اس کا تسلط اسے ذلیل کرنے والے

اسے ذلیل ہوں

۳۱- یَا نُوْرَ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدَاهُ أَنْتَ الَّذِيْ فَلَقَ الظُّلُمَاتِ نُوْرُهُ يَا نُوْرُ

ترجمہ۔ اے ہر شے کو روشن کرنیوالے اور اس کے رہنما تو ہی وہ ہے جس کے نور نے اندھیروں کو دور کیا اے نور۔

جمال ہے اس کے پڑھنے سے نور و معرفت حاصل ہوئے

۳۲- یَا عَالِیًا الشَّامِخَ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ عُلُوُّ ارْتِفَاعِهِ يَا عَلِيُّ ترجمہ۔ اے وہ بلند ذات جس کی برتری کی بلندی ہر شے پر نہایت بلند ہے اے بلند ہونے والے۔

مشترک ہے اتوار تک سات روزہ رکھے اور رات دن میں سات ہزار مرتبہ پڑھے۔

۳۳- یَا قُدُّوْسُ الطَّاهِرُ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ فَلَا شَيْءَ يُعَازُّهُ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِهِ بِلُطْفِهِ يَا قُدُّوْسُ ترجمہ۔ اے پاکیزہ اور پاک ہونیوالے ہر برائی سے نہیں کوئی شے اس کی مخلوقات سے نہیں ہے کہ اس کے مانند قوی کرے۔ پاکیزہ ہے اپنے لطف کے ساتھ اے بہت پاکیزہ۔

مشترک ہے اگر کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلائے درد سر دفع ہوئے

۳۴- یَا مُبْدِئَ الْبَرَايَا وَمُعِيْدَهَا بَعْدَ فَنَائِهَا بِقُدْرَتِهِ يَا مُبْدِئُ

جمال ہے۔ اگر مریض پر ایک سو بیس مرتبہ دم کرے شفا پائے اگر

ترجمہ۔ اے مخلوقات کے پیدا کرنے والے اور اس کے لوٹانے والے فنا کرنے کے بعد اپنی قدرت سے اے پیدا کرنے والے

پندرہ ہزار مرتبہ دم کرے عجائبات دیکھے۔

۳۵- یَا جَلِیْلُ الْمُتَكَبِّرُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ فَالْعَدْلُ أَمْرُهُ وَالصِّدْقُ وَعْدُهُ يَا جَلِیْلُ۔

ترجمہ۔ اے صاحب جلال و بزرگی کہ ہر شے پر بڑائی رکھنے والا ہے۔ اس کا کام انصاف ہے اور اس کا وعدہ سچا ہے اے بزرگی والے

جمال ہے۔ اگر چالیس یوم تک سوا ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ مقاصد حاصل ہوں۔

۳۶- یَا مَحْمُوْدُ فَلَا تَبْلُغُ الْأَوْهَامُ كُلَّ كُنْهِ ثَنَائِهِ وَمَجْدِهِ يَا مَحْمُوْدُ

ترجمہ۔ اے تعریف کیے ہوئے کہ اوہام تمام نہیں اس کی بڑائی و تعریف کی باریکی سمجھنے سے اے محمود۔

جمال ہے اگر اکیس یوم تک ایک ہزار اکیس مرتبہ روزانہ پڑھے مراتب میں بڑی ترقی حاصل ہوئے

۳۷- یَا كَرِیْمَ الْعَفْوِ ذَا الْعَدْلِ أَنْتَ الَّذِيْ مَلَأَ كُلَّ شَيْءٍ عَدْلُهُ يَا كَرِیْمُ

ترجمہ۔ اے اپنی کریمی کی وجہ سے درگذر کرنے والے کریم صاحب عدل و انصاف جس کے انصاف سے ہر شے بھر پور ہے۔ اے کرم والے

جمال ہے اگر ۲۵ یوم تک متواتر ساڑھے تین ہزار مرتبہ پڑھے۔ ایک پیر نورانی خواب میں گناہوں کی معافی کی بشارت دیوے۔

۳۸- یَا عَظِیْمُ ذَا الثَّنَاءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَالْمَجْدِ

جلال ہے۔ اگر سو روز تک ایک

وَكَبِيْرًا فَقِيْرًا یَا عَظِیْمُ

ترجمہ: اے بزرگوار کہ تو بڑی تعریف والا ہے عزت اور بزرگی و بڑائی والا ہے۔ جس کا غلبہ دائمی ہے اے بزرگوار

ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ درجہ بلند ہوئے۔

۳۹- یَا عَجِیْبَ الصَّنَائِعِ فَلَا یَنْطِقُ الْاَلْسُنُ بِکُلِّ آلَائِہٖ وَثَنَائِہٖ یَا عَجِیْبُ

ترجمہ: اے عجیب صنعتوں والے جس کی نعمتوں اور ثناؤں اور اوصاف کے مقابل میں زبانیں بول نہیں سکتیں اے عجیب

جلال ہے۔ اگر چالیس دن تک ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھے مغیبات کا ظہور ہووے۔

۴۰- یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّمُعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَّاَنِیْسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَّمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّرَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ۔

ترجمہ: اے میرے فریادرس ہر بے چینی کے وقت میری جائے پناہ سختی کے وقت اور میرے ہمنشین ہر پریشانی میں اور میری دعا کو قبول کرنے والے ہر دعا کے وقت اور اے میری امید جب کہ میرا حیلہ منقطع ہو چکا ہو۔ اے میرے فریادرس۔

جلال ہے۔ حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کے لئے اگر ہر شب میں چالیس مرتبہ پڑھے چند دنوں میں زیارت نصیب ہو اگر ۹۰ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ ظالم کے پنجہ سے رہائی پائے۔

۴۱- یَا قَرِیْبُ الْمُجِیْبُ لِمَنْ دَعَاہُ دَنٰی کُلِّ شَیْءٍ قُرْبُہٗ یَا قَرِیْبُ

ترجمہ: اے نزدیک کہ دعا قبول کرنے والا ہے۔ اور نزدیک تر ہے اس کا قرب ہر شے سے نزدیک ہے اے قریب۔

اگر ۵۰۰ مرتبہ روزانہ چالیس روز تک پڑھے اسرار الوہیت ظاہر ہوں۔

باب استخارہ کے اعمال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

طریقہ استخارہ جو شخص اسم باری تعالیٰ اَلْخَبِیْرُ کو لکھ کر تکیے کے نیچے رکھے اور پھر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ بِبَرَکَۃِ ھٰذَا الْاِسْمِ فِی الْمَنَامِ مَا اُرِیْدُ جس کا ترجمہ یہ ہے کہ اے اللہ مجھ کو خواب میں دکھلا دے میرے ارادے کے انجام کو۔ اور پھر اسی جگہ سر رکھ کر سو جائے اللہ تعالیٰ کام کے انجام کو خواب میں دکھلا دے گا۔ اور کچھ نظر نہ آئے تو ذرا دیر میں مراد پوری ہوگی۔

عمل برائے استخارہ اول پندرہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ثواب حضرت غوث اعظم سید محی الدین عبدالقادر گیلانی کی روح مبارک کو پہنچائے اس کے بعد گیارہ سو مرتبہ اَلْخَبِیْرُ یُخْبِرُنِیْ پڑھ کر سو جائے لیکن یہ عمل جمعرات کے دن غسل کر کے اور خوشبو لگا کر پاک صاف کپڑے پہن کر کرے۔ عمل کے دن روزہ بھی رکھنا چاہئے۔

عمل برائے استخارہ

اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یَا کَاشِفَ الْغَرَائِبِ۔ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر درود پڑھ سو جائے۔ غسل کرنا اور کپڑے پہننا خوشبو لگانا اس میں بھی شرط ہے۔

عمل برائے استخارہ

بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھ کر اس کا ثواب حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت خواجہ معین الدین چشتی اور اپنے آباء واجداد کی روح کو پہنچائے اس کے بعد سورۃ الاعلیٰ تمام پندرہ مرتبہ پڑھے اور یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ مِنَ [illegible] تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کر کے سو جائے۔

نقش برائے استخارہ

٨	١١	٨٨٣	١
٨٨٢	٢	٧	٣
٣	٨٨٥	٩	٦
١٠	٥	٤	٨٨٨

اس نقش کو لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سوئے خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔

باب ۲ فتوحات اور دست غیب

عمل برائے دست غیب

نماز صبح کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۃ واللیل مکمل اکتالیس مرتبہ چالیس دن تک پڑھے بعد چالیس یوم چالیس روپے پائے۔

ایضاً سات دن تک روزہ رکھے اور ان ایام میں بالکل جھوٹ نہ بولے

رزاق میں سے واقعۃ اور معوذات بعد نماز عشاء یہ آیت کریمہ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ سے اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ تک ایک ہزار مرتبہ یا اللہ ایک ہزار مرتبہ یا قیوم ایک سو پچاس مرتبہ۔ اول آخر درود شریف گیارہ مرتبہ ایک ہفتے کے بعد ایک لڑکی جنیہ اس عمل کی موکل حاضر ہوگی۔ اس سے ۵ درہم لیلیوے رسکہ عرب۔ اور جیب میں رکھ لیوے اور ہر دن خرچ کرتا رہے اس کے باوجود ایک سو پچاس روپے بچے رہیں گے۔

عمل برائے فتوحات

جو شخص سورۃ واقعہ مغرب اور عشاء کے درمیان پڑھے اور درمیان میں کسی سے کلام نہ کرے پھر یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَسِّرْ عَلَیْنَا الْحِسَابَ اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِی السَّمَآءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْهُ اِلَیَّ وَاِنْ کَانَ قَرِیْبًا فَیَسِّرْهُ وَاِنْ کَانَ کَثِیْرًا فَقَلِّلْهُ وَطَیِّبْهُ وَاِنْ کَانَ قَلِیْلًا فَبَارِكْ فِیْهِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اللہ تعالیٰ اس کے لئے رزق کا ایک دروازہ کھول دیں گے۔

عمل برائے فتوحات و فراخی رزق

از حضرت مولانا حاجی قلندر قدس سرہٗ جلال آبادی۔ اس کا طریقہ یہ ہے سورۃ یٰسین کو بسم اللہ کے ساتھ شروع کرے۔ جب پہلی مبین پر پہنچے داہنے ہاتھ کی خنصر کو بند کرے پھر سورت اسی طرح اول سے شروع کرے جب دوسری مبین تک پہنچے بنصر کو بند کر دے۔ پھر سرے سے شروع کرے تیسری مبین پر وسطیٰ کو بند کرے۔ اسی طرح چوتھی مبین پر شہادت کی انگلی کو

عقد کرکے بند کرلیوے۔ اور پھر یٰس مبین پر ابہام کو چاروں بند شدہ انگلیوں
پر رکھ کر خوب مضبوط مٹھی باندھ لیوے پھر اول سے پڑھتا ہوا چھٹی مبین پر
پہنچے پہلے بائیں ہاتھ کی خنصر یعنی انگلی اسی طرح ساتویں مبین پر خنصر کو عقد
کرے اور جب عقود سبعہ سے فارغ ہو جائے پھر سورۃ یٰسین شروع سے
شروع کرے آخر تک پڑھتا چلا جائے اس درمیان میں جب پہلی مبین پر پہنچے
تو بائیں ہاتھ کی کھول دے۔ دوسری مبین پر اسی ہاتھ کی خنصر یعنی انگلی
کھول دے تیسری مبین پر داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کو اسی طرح عقد اول کے
خلاف کھولتا جائے یہاں تک کہ ساتویں مبین پر داہنے ہاتھ کی خنصر کھول دی
جائے اور سورۃ کو ختم کرے پھر ایک مرتبہ بلا عقد کے پوری سورۃ یٰسین پڑھے
اور ہر مرتبہ جب سورت شروع کرے اس طرح کرے۔ یٰسین صلی اللہ علیہ وسلم
یٰسین والقرآن الحکیم۔

عمل برائے دست غیب آمدنی یومیہ

يَا دَائِمَ الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ يَا رَغِيبُ الْجُودِ وَالْعَطَاءِ يَا وَدُودُ
ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ فَعَّالٌ لِمَا يُرِيدُ۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا أَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِنَ
السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِنْكَ وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ
خَيْرُ الرَّازِقِينَ۔ بِحُرْمَةِ [illegible] يَا صَمَدُ الْغَفَّارُ وَالْمَنُّ عَلَى جَمِيعِ
خَلْقِهِ بِلُطْفِهِ يَا صَمَدُ۔ ہر روز دو سو مرتبہ پڑھے۔

عمل برائے فتوحات رزق

جمعہ کے دن بعد نماز سنت پڑھ کر گیارہ بار درود
اول پڑھے اور درمیان میں سات مرتبہ

دعا پڑھے۔ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيدُ يَا رَحِيمُ يَا وَدُودُ اَغْنِنِي بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ
وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعَاصِيكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔
پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔

عمل ادائیگی قرض

إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ۔ پوری کو
بعد طلوع فجر صادق چالیس مرتبہ پڑھے تمام
قرض ادا ہو جائے گا اور بہت آمدنی ہوگی۔

عمل تنگی معاش دور کرنے کا

کم سے کم ایک سو مرتبہ اور زیادہ سے
زیادہ جتنا ہو سکے ایک وقت مقرر کرکے
پڑھا کرے اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا قَبْلَ الْمَوْتِ وَهَوِّنْ عَلَيْنَا سَكَرَاتِ
الْمَوْتِ وَارْحَمْنَا عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا بَعْدَ الْمَوْتِ يَا خَالِقَ الْحَيٰوةِ
وَالْمَوْتِ تَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ وَأَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِينَ۔

عمل تنگی معاش دور کرنے کا

وقت مقرر کرکے کلمہ تمجید ۵۰۰ مرتبہ
روزانہ پڑھنا چاہیے۔ اول آخر درود
شریف ۱۱ مرتبہ کلمہ تمجید یہ ہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ
وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ۔

عمل برائے کشائش رزق

اول و آخر درود شریف درمیان میں پانچ
مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ
السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ
وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔ نوٹ: یہ آیت سورہ جاثیہ کے آخر میں ہے۔

برائے حصول غنا و اطمینان قلب

آیت الکرسی سفر میں جاتے وقت اور تین مرتبہ گھر میں آتے
کے وقت اور سفر میں قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور سورۂ اذا جاء اور سورۂ قل
ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق بسم اللہ
کے ساتھ ہر سورۃ کے شروع میں وظیفہ بنا لیا غنا اور اطمینان قلب کے
لئے مجرب ہے۔

فراغت ظاہر و باطن کے لیے

یہ دعا بعد مغرب ۲۱ مرتبہ پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ لِسَانًا ذَاكِرًا وَقَلْبًا
خَاشِعًا شَاكِرًا لِنَعْمَائِكَ وَبَدَنًا صَابِرًا وَرِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا وَاسِعًا بِغَيْرِ كَدٍّ
وَمِنْهُبٍ وَدُعَائِیْ بِغَيْرِ رَدٍّ وَادْخِلْنِیْ الْمَقَرَّ الَّذِیْ بِحُرْمَةِ الْحَسَنِ
وَالْحُسَيْنِ وَجَدِّهِمَا وَجَدَّتِهِمَا عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ بِرَحْمَتِكَ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

کشائش رزق کا مجرب عمل

یا باسط کے نقش روزانہ ۱۱ لکھے اور جاری پانی میں ڈال دے اگر قریب
میں جاری پانی نہ ہو تو کنویں میں ڈال دے اور
قیدی اپنی رہائی کے لئے اس نقش کو لکھ کر اپنی
پشت پر داہنے مونڈھے کی جانب چپکا لیوے رہائی
پائے۔ اور بعد کسی نماز کے وقت مقرر کرے

١٨	٤٩	٧
١٢	٢٣	٣٩
٢٣	١ واسط	٣٠

عمل

ہر روز پندرہ نقش با وضو لکھے ایک سال میں عامل ہو
جائیگا یہ نقش جو جس ضرورت میں دے
گا پوری ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

عمل

اسی نقش جو کو ایک درویش نے جو حاجی عزیز اللہ جے
پوری کے خلفاء میں سے تھا خضر خاں کو دیا تھا کہ پیپل کے
سات پتوں نقش
سات تعویذ ہر روز لکھ کر کنویں میں ڈال دے
پیچھے گذر چکا ہے۔

عمل برائے وسعت رزق

فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان
یہ آیت تیس مرتبہ پڑھے اول و آخر
درود شریف پانچ پانچ مرتبہ آیت یہ ہے۔ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا
آخر آیت تک۔

باب۳ حب و تسخیر کے اعمال

کلام میں اثر پیدا کرنا

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا
لکھ پیر کے دن چاند کی شروع تاریخوں
میں ہرن کی جھلی پر شہتوت کے عصارہ سے لکھے اور اپنے پاس رکھے جو شخص
اس سے ناراض ہو گیا ہو پھر خوش ہو جائے اور جو اس کی بات سنے گا
قبول کرے گا۔ اگر واعظ ہوگا اس کا کلام لوگوں کے قلوب پر موثر ہوگا۔

سے بدل جاتا ہے اور بہت سے مقاصد حاصل ہوتے ہیں۔ اس کی زکوٰۃ کا طریق یہ ہے کہ تین یوم روزہ رکھے یہ بہتر ہے ورنہ بغیر روزہ کے زکوٰۃ دے رمضان شریف میں کرے تو زیادہ موثر ہوگا جن تین یوم میں روزہ رکھے ان میں کلمہ طیبہ اور آیت کریمہ قُلْنَا یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ کو تمام دن بکثرت پڑھے جب زکوٰۃ پوری ہو جائے وقت ضرورت اس آیت کو گیارہ مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کرے اور دشمن کے مکان میں پوشیدہ طور پر یا اس کے مکان کے قریب چھڑک دیوے انشاء اللہ دشمن مہربان ہوگا اگر حاکم دور ہووے رومال بھگو کر پاس رکھے۔

خاوند بیوی کے معاملات کی درستی کیلئے

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى سے عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ تک اور یہ پڑھے اَلِّفْ بَیْنَ فلاں بنت فلانۃ وفلانۃ بنت فلانۃ (یعنی خاوند کے نام کے ساتھ اس کی والدہ کا نام اور بیوی کے نام کے ساتھ اس کی والدہ کا نام كَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ وَسَلِّطْ كَلِمَتَهُمْ كَشَجَرَةٍ طَیِّبَةٍ سے اِلَّا یَتَذَكَّرُوْنَ تک پانی یا دودھ یا اور کسی شے خوردنی پر دم کر کے میاں بیوی کو کھلائیں انشاء اللہ موافقت ہوگی۔

برائے تسخیر حکام

جس شخص کو کسی دشمن نے پریشان کیا ہو وہ مؤذن کی اذان کا اس طرح جواب دے کہ جو کلمات کہے وہی کہتا ہے پھر ختم اذان کے بعد اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ پڑھ کر تین مرتبہ کہے۔ رَضِیْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا

برائے تسخیر حکام و سلاطین

یہ عمل [illegible] پانچسو مرتبہ تین یوم تک ہر روز پڑھے پڑھنے سے پہلے روزانہ غسل کرے چوتھے دن ایک ہزار مرتبہ پڑھے اللہ ہتھیلی پر لکھ کر حاکم کے سامنے جاوے اور اس کے سامنے جاتے وقت بھی پندرہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ محبت سے پیش آئے گا۔

برائے تسخیر

از بیاض مولانا مفتی الٰہی بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ کاندھلوی یعنی یہ عمل حضرت مرشد شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے خاندان کا ہے وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمٰنَ وَاَلْقَیْنَا عَلٰى كُرْسِیِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ چھ سو ستر مرتبہ پڑھ کر اس کی زکوٰۃ ادا کرے پھر وقت ضرورت روغن چنبیلی خوشبو والے پر دم کرے اور مطلوب کو سنگھائے مسخر ہوگا۔

حکام و سلاطین کو راضی رکھنے کیلئے

آیت کریمہ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ اول آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف بعد عشاء تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے نماز کے بعد عمل پڑھنے سے پہلے اور عمل پڑھنے کے بعد کسی سے کلام نہ کرے حاکم مہربان ہوگا اور اس کا مقصد پورا کرے گا۔

عمل آبپاشی

حضرت مولانا شیخ محمد صاحب تھانوی فرماتے ہیں کہ یہ عمل مجھ کو اپنی ممانی صاحب النساء رحمۃ اللہ علیہا سے پہنچا اس عمل سے دشمنوں کی دشمنی دوستی سے اور حکام کا غصہ رضامندی

وبعثنا ... رسولا ... پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے جس حاکم
کے پاس جائے گا۔ وہ مہربانی سے پیش آوے گا۔ نیز اسی مقصد کے لئے
پیشانی پر ہاتھ کی انگلی سے لکھے سیاہی سے نہ ہو تو انگلی سے لکھ دے۔

محبت و وجاہت کیلئے

ان آیات کا نقش بنا کر یا بطور حرز یہ آیتیں لکھ کر طالب اپنے بازو پر باندھ لیوے۔ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي فَلَمَّا كَلَّمَهُ
قَالَ إِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ ۝ إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي
فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ وَكَانَ عِنْدَ اللَّهِ
وَجِيهًا ۝ وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ۝ وَأَلْقَيْتُ
عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِنِّي وَلِتُصْنَعَ عَلَىٰ عَيْنِي ۝ يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ ۝ وَالَّذِينَ
آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ ۝ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ ۝ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ
لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ
أَلَّفَ بَيْنَهُمْ إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝

برائے بغض و دفع

وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ آیت کھانے پر جو ایک جماعت
کے لئے پکا ہو بغیر سیاہی کے قلم سے لکھ دیں انشاء اللہ آپس میں کے
بغض و حسد دور ہوگا اور سب دوست ہو جائیں گے۔

عشق کے زوال میں

دوست کی چوٹی عاشق کی آستین میں
باندھی جائے عشق زائل ہو جائے گا۔

برائے تسخیر

سلیمان رحمۃ اللہ علیہ اہل علم و فضل میں سے ایک گمنام شخص تھے۔ عوام ان کی طرف بالکل متوجہ نہ ہوتے تھے اور سلطان سے کوئی معاملہ کرتے تھے انہوں نے اس کی شکایت حضرت شیخ محی الدین ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ کی۔ حضرت محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کو کشف ہوا کہ یہ نقش ان کی گمنامی کا علاج ہے۔ چنانچہ یہ نقش لکھ دیا۔ پس اللہ تعالیٰ نے سلیمان کو ایسی شہرت دی کہ جب وہ کسی جگہ جاتے تھے ہزاروں آدمی ان کے پیچھے چلتے تھے۔ اور بادشاہ وقت بھی ان کے سامنے جھکتا تھا اس خوف سے کہ سلطنت پر قبضہ نہ کر لیویں۔

اللہ اللہ اللہ

یا	[illegible]	[illegible]	[illegible]	آمین
یا	[illegible]	[illegible]	[illegible]	آمین
یا	[illegible]	[illegible]	[illegible]	آمین

[illegible]

عمل برائے حاضری امراء


فَلَمَّا رَأَيْنَهُ أَكْبَرْنَهُ سے مَلَكٌ كَرِيمٌ تک (سورہ یوسف) ۱۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کرے بدن وغیرہ پر ملے اور حاکم کے سامنے جائے۔ حاکم مہربان ہوگا۔

عمل برائے حب

ایک برتن میں پانی لیوے اور اس میں سے ایک دو گھونٹ پی لیوے اور اس پانی میں یا ودود سات مرتبہ پڑھے پھر پانی برتن سے منہ میں لے کر اسی برتن میں کلی کر دے جو شخص پانی پئے گا تم سے محبت کرے گا۔

دیکھو۔ محبوب کے جسم پر رہا ہوا کپڑا لیوے اور اس پر نیچے لکھے ہوئے نقش تحریر کرے اور پھر اس کپڑے کو گھی کے چراغ میں جلائے اور اس وقت گلاب کے پھول چراغ کے پاس رکھے۔

نقش



عمل حب بکری کے داہنے ہاتھ کا شانہ لے کر اس پر سورۂ یٰسین جسقدر لکھی جا سکے بغیر اعراب لکھے جمعہ کے دن نماز کے بعد اور اس پر طالب مطلوب کا نام بھی لکھے اور یہ عمل چاند کی شروع تاریخوں میں ہو۔ آفتاب میں خشک کر لیوے پھر اس شانہ کو ایک ہانڈی میں رکھ کر چولہے میں دفن کرے کہ گرم رہے۔ لیکن جلنے نہ پائے محبوب کا دل بیقرار ہو جائے گا۔ اگر آنچ تیز ہوئی اور وہ شانہ جلے گا تو سوزش طالب کی جانب لوٹ جائے گی۔ احتیاط شرط ہے۔

عمل حب مجرب جو عورت اس نقش کو اپنے پاس رکھے گی شوہر کی نظر میں عزیز ہوگی اور جو اس کو دیکھے گا وہ محبت

رکھے گا۔

۶-۹

۹-۹	۹-۱۳	۹-۱۴	۹-۲
۹-۱۵	۹-۳	۹-۸	۹-۱۲
۹-۴	۹-۱۸	۹-۱۱	۹-۶
۹-۱۳	۹-۷	۹-۵	۹-۱۶

حب کے لئے ایک جوڑا کبوتر صحرائی کا لا کر تیار رکھے تیرھویں شب میں پیپل کے درخت کے پاس جا کر ننگا ہو کر بارہ پتے توڑ لیوے۔ صبح کو ان پتوں کو بچھا کر کبوتروں کو ذبح کرے خون پتوں پر ڈالے پھر پتوں کو خشک کر کے جلا لیوے اور خاک کو محفوظ رکھے جس پر ڈالے گا وہ عاشق ہو جائے گا۔

عمل حب کے لئے مہینہ میں پہلی اتوار جب آئے صبح کے وقت طلوع آفتاب سے پہلے سیاہ جونک جس میں بالکل سفیدی نہ ہو ننگا ہو کر مار ڈالے اور کسی سے کلام نہ کرے۔ اس کے بعد جونک کو جلا دے پھر اس کی راکھ کو محفوظ رکھے۔ جس پر مل دے گا دیوانہ ہوگا۔

حب کے لئے جمعرات کے دن طالب مطلوب کے سر کے بال لے کر باہم ملا کر سورۂ مزمل پڑھ کر گھر میں رکھے۔ محبت کے لئے منہ میں پڑھتے وقت مصری رکھے اور بغض کے لئے کڑوی شے

ہی سکے۔

عمل برائے حب

گڑ، پان یا کسی کھانے کی چیز پر ۳ مرتبہ پڑھ کر کھلاوے محبوب مسخر ہو۔ لیکن بدکار کو نہ دیوے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ یُحِبُّوْنَ لُحُبِّ اللّٰہِ یَشْکُرُوْ بِحَمْلِیْ ... وَنَوَابِیْ فِیْ سَاعَتِہٖ وَیَشْکُرُ مِنْ حُبِّھِمْ اَشَدُّ حُبًّا وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّۃَ لِلّٰہِ جَمِیْعًا۔ فلاں بنت فلاں علیٰ حب بن فلاں

برائے جلب قلب محبوب

محبوب کے تصور کے ساتھ تین سو مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ بِحُرْمَۃِ جِبْرَئِیْلَ اَللّٰہُ الصَّمَدُ بِحُرْمَۃِ اِسْرَافِیْلَ لَمْ یَلِدْ بِحُرْمَۃِ مِیْکَائِیْلَ وَلَمْ یُوْلَدْ بِحُرْمَۃِ عِزْرَائِیْلَ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ بِحُرْمَۃِ دَرْدَائِیْلَ وَتَھْرَائِیْلَ کَرْدِرَائِیْلَ۔

حب کے علاوہ اور کاموں کے لئے ۱۱ روز تک ہر روز ۱۱ مرتبہ پڑھے وظیفہ بعد طلوع صبح صادق عروج ماہ میں اتوار کے دن شروع کرے۔

برائے حب و تسخیر خلق

آیت وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ کو ستارہ کی طرف کھڑے ہو کر داہنے پاؤں کو بائیں پاؤں پر رکھ کر موتھ سفید کے گیارہ دانوں میں سے ہر دانہ پر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ سفید موتھ پشاور کی طرف ہوتی ہے دانہ یک

رنگ ہوں ان دانوں کو ایک مٹی کے برتن میں رکھ کر اپنے مکان میں دفن کرے اور اسی آیت کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب سرور دو عالم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کو پہنچائے پھر ایک مقدار معین کر کے روزانہ پڑھا کرے۔ جب خلقت رجوع ہونے لگے خوش اخلاق سے پیش آئے۔ وسعت و حوصلہ اختیار کرے۔ مخلوق کو لباس و طعام سے ہر قسم کا فائدہ پہنچائے اور مال جمع نہ کرے اور حرام مصرف میں خرچ نہ کرے۔

باب ۲ امراض جسمانی و سحر و آسیب

شیاطین و جن کے دفع کے لئے

یہ نقش حضرت استاد الاساتذہ مرشدنا مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ سے منقول ہے اس کو فتیلہ بنا کر کورے چراغ میں تل کے تیل میں جلانے سے جن و شیاطین دفع ہو جاتے ہیں۔ اور بعض حضرات کے جل جاتے ہیں۔ فتیلہ داہنی طرف سے بنایا جائے۔ جگہ معین پر روز جلایا جائے اور فتیلہ پر دھنی ہوئی روئی لپیٹی جائے اور چراغ کو مریض کے منہ کی طرف رکھا جائے تاکہ مریض کی نظر چراغ پر رہے۔

نقش یہ ہے۔

۳	۳	۲	۱۶
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۲	۶	۷	۹
۱	۱۵	۱۴	۴

عمل برائے شفاء مریض

اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ درمیان میں یا سلام ۱۲۵ مرتبہ وقت مقرر کرکے پڑھے اس کے بعد مریض کی صحت اور شفاء کے لئے دعا کرے اللہ تعالیٰ شفاء عطا فرمائیں گے۔

ایضاً۔ جو شخص مریض ہو وہ اس کا مرض بڑھتا چلا جائے اور مرض کی تشخیص نہ ہو اس کو چاہئے کہ اول نیا وضو کرے اور دو رکعت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد الھٰکم التکاثر ۵ مرتبہ پڑھے دو رکعت سے فراغت کے بعد اول سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر قل یاایہا الکافرون ایک ہزار مرتبہ اور یا بدیع السموٰت والارض ایک ہزار مرتبہ اور پھر آخر میں سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ شفا ہو گی۔

برائے چیچک کنٹھی

گیارہ تار کا نیلا دھاگا لیوے اور سورۂ فاتحہ پڑھے ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ دیوے اسی طرح گیارہ گرہ کا گنڈا تیار کرکے مریض کے بازو پر بندھوا دے اور کچھ کھانا خیرات کرے یہ عمل مجھ کو اپنے استاد مولانا حاجی محمد قلندر جلال آبادی قدس سرہ سے پہنچا ہے

برائے اجرائے بول

اگر کسی کا پیشاب بند ہو جائے۔ اس کی گردن میں یہ لکھ کر بندھوا دے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّن نَّهَارٍ بَلَاغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ۔ انشاء اللہ بول جاری ہو جائے گا۔

خلل ناف



یہ عمل امام السالکین حضرت مرشدنا سیدنا مولانا سید احمد صاحب بریلوی سے پہنچا ہے اس کو لکھے اور ناف پر بندھوا دے۔

ہر قسم کے بخار درد سر آدھا سیسی خلل ناف کے لئے گلے میں اور پیدائش کے درد کے لئے ران پر بندھوایا جائے

امہیجم ۸ مہیطیل ۸ مہیطے ۸

چیچک کنٹھی خسرہ وغیرہ کیلئے

مندرجہ ذیل نقش قبل طلوع لکھا جائے مریض کی گردن میں بندھوا دیا جائے اول تو بالکل نہ نکلے گی۔ اگر نکل آئے تو جلد شفا ہوگی۔


الحمد للہ	غیر المغضوب	اھدنا الصراط المستقیم	وایاک
صراط الذین	ایاک نعبد	رب العالمین	الرحمن الرحیم
یوم الدین	نستعین	ولا الضالین	الرحمن
علیھم	الرحیم	مالک	انعمت

بانجھ پن کا علاج

ایسا رحم جو کھل کر چار ٹکڑے ہو گیا ہو۔ لیکن ٹکڑے ایک دوسرے سے جدا نہ ہوئے ہوں اس پر سورۂ یٰسین شریف اس طرح پڑھ کر دم کرے۔ جب مبین اول پر پہنچے ۱۷ پر پھونک مارے پھر شروع سے سورۂ یٰسین پڑھے اور دوسری مبین پر پہنچ کر دم کرے ایسے ہی ساتویں مبین پر پہنچ کر دم کرے اور ساتویں مبین سے آگے بقیہ سورت پڑھ کر ۱۷ پر پھونک مارے پھر ۱۷ عدد کشمش اور بادام بھیگے ہوئے چنوں کی دال لے کر اس پر سات بادشاہوں کی روح کو

ثواب کی نیت کرکے وہ کشمش اور مال خیرات کرے۔ سات بادشاہوں کی
مراد ہیں وہ بادشاہ جنہوں نے بادشاہت سے فقیری لے لی تھی۔ مثلاً حضرت
ابراہیم ادہم وغیرہ۔ پھر حیض سے غسل کے بعد بانجھ عورت اس انار کو کھا
لے۔ اللہ تعالیٰ اس سے اولاد عطا فرمائیں گے۔

عمل برائے درد دندان - اول یہ شکل زمین پر یا تختی پر ریت
بچھا کر بنائے پھر چاقو یا چھری سے اول گوشہ پر زور دے کر کہے۔ بانتھی بحق



عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اور
درد والا درد کی جگہ کو زور سے پکڑے
اگر درد جاتا رہے فبہا ورنہ دوسرے
گوشہ پر زور دے کر اسی طرح کرے۔ اسی طرح چاروں خانوں میں کرے۔
بفضلہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔

بانجھ پن کا علاج


یہ عمل منقول ہے کہ حضرت مولانا استاذی محمود گنگوہی صاحب قدس سرہ جلال آبادی سے مرغ سیاہ اور
جوان پر آیت خَلَقَ کر اختیار ہو پارہ کے اول رکوع میں ہے۔ خَلَقْنَا
النُّطْفَةَ عَلَقَةً کو آخر تک پڑھے۔ اول و آخر درود شریف پڑھے اس کے
بعد سات بار قل یا ایہا الکافرون اور سورۂ مزمل اور گیارہ مرتبہ الم نشرح
پڑھے۔ پھر اس میں سے سات دانہ مرچ اور تھوڑی سی اجوائن روز کھاتی
رہے اور یہ علاج عمل تمام کا ہے۔ یعنی تیسرے مہینے سے پہلے کرنے کا۔

برائے استقرار حمل

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ
یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَّعَلِیٍّ وَّالْحَسَنِ
وَالْحُسَیْنِ۔ گیارہ تعویذ لکھ کر گیارہ دن تک عورت کو پلائے۔


برائے اسقاط حمل

یہ نقش لکھ کر پیٹ پر باندھے انشاء اللہ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔



تسہیل ولادت

کے لئے شکرے پڑھ کر پانی نہ لگا ہو یہ تعویذ لکھ کر عورت کو ننگا کر کے
اس کے پاؤں کے نیچے رکھے اور پاؤں سے
توڑے فوراً بچہ پیدا ہوگا۔



برائے اسقاط حمل

وضو کرکے ایک گوشہ میں بیٹھ کر یہ کلمات لکھے اور عورت کے پیٹ پر باندھے۔
انشاء اللہ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَاِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ
فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۔ اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَمْلَ
هٰذِهِ الْمَرْاَةِ مِنْ جَمِیْعِ الْاٰفَاتِ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ

الٰہی آمین آمین آمین

آدھا سیسی کے درد کیلئے باوضو لکھ کر سر پر بندھوائے اور کچھ شیرینی منگوا کر اس پر فاتحہ اولیاء کرام کی دے کر اس کو باندھنے سے پہلے تقسیم کرے شفا ہوگی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ولا یشعرن بکم احدا۔ اللھم انی اسئلک ھذا الوجع بحق محمد و آلہ اجمعین

برائے تپ بے لرزہ قلنا یا نار کونی بردا و سلاما علیٰ ابراھیم تین پیپل کے پتوں پر لکھ کر مریض کو دیوے تاکہ ایک پتہ روز چاٹے۔

برائے تپ نوبت اللہ شافی اللہ کافی پڑھ کر گرم پانی پر دم کرکے دیوے اور پلادے مجرب ہے۔

گنڈہ برائے دفع گلہڑ مردم گلو، بدھ کے دن عروج ماہ یعنی شروع تاریخوں میں دھاگا نابالغ لڑکی سے کتوا کر تیار رکھے اور جمعرات کے دن فجر کی نماز کے بعد ساعت مشتری میں نماز جس طرح بیٹھا ہے اسی نشست پر بیٹھے کسی سے کلام نہ کرے اول تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور گیارہ مرتبہ سورۂ الحمد شریف مع بسم اللہ پڑھ کر دھاگے میں ایک گرہ دیوے اور اسی طرح سات گرہ دیوے پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر گنڈہ کا عمل ختم کر دیوے۔ پھر تھوڑی سی مٹھائی منگا کر خیرات کر دے اور اس کا ثواب حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی

روح مبارک کو پہنچائے۔ پھر گنڈہ مریض کے گلے میں اس طرح باندھے کہ گلے سے ملا رہے پھر جب ڈھیلا ہو جایا کرے کس دیا جائے انشاء اللہ یہ مرض جاتا رہے گا۔ اگر چار یا بارہ سال سے کم عمر ہو تو سات بار سورۂ فاتحہ پڑھے اور گیارہ گرہ دیوے۔

برائے چیچک نیلے دھاگے کے ۱۰ تار کر کے نو گرہ دیوے اور ہر گرہ پر ایک مرتبہ الحمد شریف پڑھے اور گلے میں بندھوائے انشاء اللہ شفا ہوگی۔

عمل مسان والسماء والطارق پوری اکتالیس بار پڑھ کر ۱۲ گرہ دیوے اور عورت کے پیٹ پر باندھے بعد ولادت بچے کے باندھے اور گنڈہ کے تار ۱۲ ہونے چاہئیں۔

برائے کنٹھی چیچک ۱۱ تار کا نیلے دھاگے کا گنڈہ بنا دے سورۂ فاتحہ پڑھے اور اس میں ایک گرہ دیوے اسی طرح ۱۱ گرہ دے کر اس گنڈہ کو مریض کے بازو پر بندھوائے اور باندھنے سے پہلے کچھ کھانا خیرات کرے

عمل دفع مسان یہ نقش ہرن کے کاغذ کے پرچہ پر لکھ کر پلائے۔

ههههههه


برائے دفع مسان و امراض اطفال مسان کے سوا اور امراض میں اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں بندھوائے

۱۱۱۵ ۱۱۱۱

اور مسان میں اس نقش کو پہلے پانی میں گھول لیوے پھر خوب تو اگرم کر
اس پانی کو تے پر ڈالے اور جو ابخرات توے سے اٹھیں مریض کے جسم
پر پہنچائے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

عمل برائے طحال

کی جب بڑھ جائے اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر رس میں رکھ لیوے پھر تل پر چار تہہ کا موم اور وہاں لکھ کر اور پر رسل رکھ کر اس میں آگ دیدیوے نقش یہ ہے۔



بواسیر کے لئے

طہارت کے بعد سات مرتبہ مستوں پر پڑھ کر دم کرے خواجہ عبداللہ برجی نازی سے منقول ہے۔ بیا بانی رحمت اللہ علیہ۔

برائے دفع وبا

کاغذ پر لکھ کر حویلی کے دروازہ کے سر پر چپکا دے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اَھْلَ یَثْرِبَ لَامُقَامَ لَکُمْ فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا۔ ایذ کا پوت عبداللہ جا یا جاری دریا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایذ لفظ صحیح نہیں آسہ بہتر ہے۔ طاعون ہیضہ وغیرہ سے مکان محفوظ رہے گا۔

دفع مسان کے لئے

ایک کوری نئی کٹھیا لیوے اور اس میں تین مٹھی گندم اور تین لوہے کی مینیں ڈال کر تعویذ ڈالے تعویذ یہ ہے۔ الحفیظ الحفیظ الحفیظ الحفیظ

الحفیظ اور اللہ رقیب سات مرتبہ لکھے پھر یہ کلمات لکھے۔ اَللّٰھُمَّ بالواحد الصادق من شر کل ذی ربی بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین الٰہی بحرمت غوث الاعظم و الٰہی بحرمت حاجی محمد شاکر قدس سرہ

مسان فلاں رفع شود پھر یہ تعویذ گلے میں بندھوا دے۔ یہ عمل مفتی الٰہی بخش صاحب کاندھلوی کی بیاض سے لیا گیا۔ اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے خاندانی عملیات سے ایک عمل ہے۔

برائے تپ ولرزہ

یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں بندھوا دے۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

برائے گریہ طفلان و چلوانس

مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر گلے میں باندھے۔

تعویذ یہ ہے غمی غمی غمی غمی غمی غمی غمی

علاج مسان معمولہ قدیم مشائخ کرام

ایک کالی بکری یک رنگ یا سفید مرغا جوان تا عدد اس وقت سے جب کہ حمل پر کم از کم چالیس دن اور زیادہ سے زیادہ ڈھائی ماہ گذرگیا ہو اس سے زیادہ ایام کا حمل قابل علاج نہیں پھر یہ مرغا یا بکری حاملہ کے سامنے

بلائے اور بعد میں اس کو وہ پانی دیوے اور دو وقت صبح و شام حاملہ کا پیشاب
بکری کے بدن پر رکھا ہے مسلسل نو دن تک دسویں دن حاملہ وضو اور
غسل کرے۔ دسویں دن جو دن کا ہو۔ حاملہ غسل کر کے خوشبو لگائے اور تین
تعویذ لکھے دو میں کو لپیٹے لکھے ایک میں نہ لکھے اسی دن چار گھڑی دن سے
ایک تعویذ کو لپیٹے وہ حاملہ کے داہنے بازو پر باندھے اور دوسرا لکھا والا
تعویذ دوسری میں لپیٹ کر بکری کے حلق میں رکھے اور کچے سوت سے
بکری کا منہ مضبوط باندھے اور بغیر لکھا والا تعویذ بکری کے گلے میں سینگ کے
قریب باندھے پھر بکری کو قبلہ رو گرا کر حاملہ کے ہاتھ میں چھری دیوے اور
اس کے ہاتھ سے ذبح کرائے اگر حاملہ کی ہمت نہ ہو تو شوہر یا اور کوئی محرم
اس کا ہاتھ پکڑ کر اس حاملہ سے ذبح کرائے کہ سر تن سے جدا ہو جائے
پھر وہ خون کورے پاک ٹھیکرے میں لے کر حاملہ کے سونے کے مکان
کی چاروں دیواروں میں چاروں طرف دو دو انگلیوں سے خط کھینچ دے
پھر بکری کا سر حاملہ کے مکان سے باہر دروازہ کی چوکھٹ کے نیچے دفن کرے
اور اس کا تمام دھڑ مع تعویذ سینہ مکان کے اندر ہی گوشہ میں گاڑ دے
اور پھر جو تعویذ حاملہ کے بازو پر ہے اس کو پاک کنویں میں ڈال دے اور
جو تعویذ بکری کے منہ میں رکھا گیا اس کو تانبے کے تعویذ میں رکھ حاملہ
کے گلے میں ڈالنے اور بچہ پیدا ہونے کے بعد حاملہ کے گلے سے کھول
کر بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ مسان رفع ہو گی۔ تعویذ یہ ہے۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم اعوذ بالواحد لو تخلا نية

نواجد الصادق و حق کل طارق من شر کل طارق بسم اللہ
الشافی بسم اللہ الکافی بسم اللہ المعافی بسم اللہ خیر الاسماء
بسم اللہ رب الارض والسماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمه
شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم بسم اللہ قوتنا
فالله يشفيك من كل داء يؤذيك ونُنزّل من القرآن ما هو
شفاء ورحمة للمؤمنين ولا يزيد الظالمين إلا خسارا۔
الٰہی فلانة بنت فلانة
وافر آمدہ عمر بالصحت و خیریت
برائے دفع جمیع امراض و آفات و بلیات محفوظ بماند مجرب ست کلمہ پاک لا الہ الا
اللہ محمد رسول اللہ وبحق کھیعص حمعسق ۔ و بحق یٰسین
والقرآن الحکیم وصلی اللہ علی خیر خلقه محمد وآله واصحابه
اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین


طریقہ معلوم کرنے کا کہ مرض ہے یا آسیب وغیرہ

ایک کورے سکورے لے کر اس پر
اس نقش کو لکھے اور سات مرتبہ مریض پر سے اتار کے پھر آگ میں ڈالے
اور آگ کو خوب روشن کرے اگر حروف سفید ہو جائیں تو مریض پر سحر ہے۔
اور سرخ پڑ جائیں تو چڑیل کا اثر اور اگر حروف غائب ہو جائیں تو آسیب
کا ہے۔ اگر حروف سیاہ ہیں مرض بدنی ہے۔

نقش معظم یہ ہے۔
[illegible]

دانتوں کے درد کا عمل — اس تعویذ کو لکھ کر دانتوں کے نیچے رکھے۔ ایہا العروس المغروس سکہ یختدر یہ سنف متقدس

برائے بواسیر — اتوار کے دن صبح کے وقت یہ تعویذ لکھے اور زعفران کے بعد مریض کی کمر میں باندھے۔




تعویذ یہ ہے۔

برائے دفع مسان — کوری چار ٹھیکری لیوے اور ہر ایک پر یہ نقش اصحاب کہف لکھے پھر چاروں میں ہر ایک کو کوئلوں سے پُر کرے ان میں آگ دیوے جب خوب گرم ہو جائیں ہر ایک کو چارپائی کے ایک پایہ کے نیچے رکھے۔

۷۸۶

۱۰۳۰	۱۲۲۴	۱۰۱	۱۰۳۹
۱۰۱۳	۱۰۳۴	۱۰۳۴	۱۰۲۲
۱۰۴	۱۰۱۴	۱۰۳۰	۱۰۳۹
۱۰۱۸	۱۰۳۸	۱۰۳۸	۱۰۱۹

تعویذ یہ ہے۔



برائے دفع طحال — پنڈول کی ایک ڈلی لیوے اور اس پر قل ہو اللہ پوری تین یا پانچ مرتبہ پڑھ کر تیار رکھے پھر لکھے ہوئے نقش کو لکھ کر مریض کی ہتھیلی پر رکھے اور اس پر پنڈول کی ڈلی رکھے اور اس پر لوبان جلائے بعدہ سیاہ آدمی مریض کی تلی کی جگہ پکڑے رہے۔

برائے آسیب — جس قسم کا بھی ہو کپڑے کے ایک ٹکڑے کو ہلدی میں رنگ کر چالیس فتیلہ بنا لیوے اور ایک فتیلہ کو ایک دن رات اس مکان میں روشن کرے جس میں آسیب زدہ ہو اس کے بعد ۳۹ دن تک ایک ایک فتیلہ کو ہر رات اس مکان میں روشن کرتا رہے آسیب دفع ہوگا۔

برائے آسیب — قل اعوذ برب الناس پوری سورت کو بغیر ناس کے س کے سات مرتبہ پڑھ کر کڑوے تیل پر دم کرے اور آسیب زدہ کے کانوں۔ ناک اور بیسوں ناخن پر لگانے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

مرض ہے یا آسیب یا سحر معلوم کرنیکا طریقہ — مریض کا ایسا کپڑا لیوے جس میں اس نے رات گذاری ہو پہلے اس کو گز سے ناپ لیوے اور ناپ کر

دونوں میں الصفوفا لکھے۔ پھر کپڑے پر سورۂ فاتحہ تین مرتبہ اور والصافات کو
وذنب تک اور سورۂ جن کو شططا تک اور معوذتین ایک ایک بار کپڑے
پر دم کرکے پھر کپڑے کو ناپے۔ اگر کپڑا بڑھ جائے بیماری شیاطین کے شر
سے ہے۔ اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن یا سحر کی وجہ سے ہے۔ اگر برابر رہا
مرض جسمانی ہے۔

برائے اُم الصبیان یعنی کمیڑا — سورۂ اذا جاء نصر اللہ پوری اکیس مرتبہ اجوائن پر دم کرکے زچہ کی
چارپائی کے پایہ کے نیچے کی طرف باندھنا مفید ہے۔

برائے اُم الصبیان — کاغذ کا بڑا تختہ لیوے اور اس کے گرد چاروں کونوں پر سورۂ یٰسین لکھے اور کاغذ کے درمیان
کو بیچ سے کاٹ کر دور کر دے۔ پھر ایک نیا چاقو خریدے جس کا دستہ اور
پھلکا دونوں لوہے کے ہوں اور اس عمل سے پہلے اس چاقو سے کوئی چیز
کاٹی بھی نہ گئی ہو۔ اس چاقو پر سات مرتبہ سورۂ یٰسین دم کرے جب بچہ پیدا
ہو اس بچہ کو یا اس کی آنول نال کو سات مرتبہ کاغذ مذکورہ کے حلقے سے گذارے
پھر اس پڑھے ہوئے چاقو سے آنول نال کاٹ دیوے اور پانچ پانچ ٹکہ بچہ
کے والدین سے وصول کرے۔ یہ شرط ہے۔

برائے دفع وسوسہ شیاطین — سورۂ آیۃ الکرسی کو ہر نماز کے بعد پڑھنا شیاطین کے وساوس سے
نجات دیتا ہے اور پڑھنے والے کی روزی میں برکت ہوتی ہے۔

برائے عسر بول و پتھری مثانہ — پیشاب کی تنگی اور پیشاب میں ریگ اور پتھری کے لئے ان آیات کو لکھ
کر پانی میں گھول کر مریض کو پلائے۔ وَإِذِ اسْتَسْقَىٰ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ فَقُلْنَا
ضْرِب بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ كُلُّ
سٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُوا وَاشْرَبُوا مِن رِّزْقِ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ
سِدِينَ۔ قُلْ كُونُوا حِجَارَةً أَوْ حَدِيدًا أَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِي صُدُورِكُمْ
سَيَقُولُونَ مَن يُعِيدُنَا قُلِ الَّذِي فَطَرَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ فَسَيُنْغِضُونَ
يْكَ رُءُوسَهُمْ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هُوَ قُلْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ قَرِيبًا
بُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنبَثًّا وَحُمِلَتِ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ
دَكَّةً وَاحِدَةً

برائے عسر بول — قُلْ كُونُوا حِجَارَةً کو آخیر تک اور ایسے ہی [illegible]
لکھ کر پلائے پیشاب پاخانہ دونوں کا بند توڑنے کے
مفید ہے اور یہ آیت وَأَنزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَاءً ثَجَّاجًا لِّنُخْرِجَ بِهِ حَبًّا
اور زبانی یہ کہے یا ارحم الراحمین اپنے فلاں بندہ کی مصیبت کو دور کر دے
شہ تو ہر شے پر قادر ہے۔

برائے عسر بول — يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ
الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ
كُمْ غَوْرًا فَمَن يَأْتِيكُم بِمَاءٍ مَّعِينٍ
کر پلائے۔

برائے دفع خفقان

سورہ لایلاف چینی کی طشتری پر لکھ کر پلانا بہت مفید ہے۔

برائے عرق النساء

نابالغ لڑکی کے ایک ہاتھ سے ایک چھلی کتوا کر اس کو دھو ڈالیں پھر گنڈہ بنا کر آیت جو آگے لکھی جاتی ہے اس کو ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ دیوے اور اسی طرح سات مرتبہ میں سات گرہ دے کر گنڈا تیار کر کے بائیں بازو پر باندھ دے انشاءاللہ شفا ہوگی۔ آیت یہ ہے۔ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔

برائے عرق النساء

درد کی جگہ لکھ کر باندھے۔ اَيَّتُهَا الْعِرْقُ الثَّابِتُ فِي الْجِسْمِ الَّذِيْ يَمُوْتُ مُتْ مُتْ مُتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ۔

بچوں کے رونے کی بیماری

[illegible] اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ کو لکھے اور بچہ کی والدہ کے دودھ میں گھول کر بچہ کو پلائے۔

پھوڑے پھنسی دنبل و دیگر زخموں کے لئے

سورہ مرسلات لکھ کر گلے میں لٹکانا باعث صحت ہوگا۔ انشاءاللہ

سحر مدفون کا نکالنا

سورہ تکاثر کے مسلسل روزانہ پڑھنے سے اگر گھر میں جادو گڑا ہوا ہو اور اس کی جگہ معلوم نہ ہو۔ معلوم ہو جائے گا کہ فلاں جگہ دفن ہے۔


دنبل وغیرہ کے لئے

تین روز تک سورہ فاتحہ الف آیت [illegible] انتخاب پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔

برائے ورم خانہ

پیڑو کا ورم جس کو ابھرنا کہتے ہیں۔ ورم کے مقام پر یہ دائرہ لکھیں اور چالیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھیں ہر دائرہ پر دم کریں۔ تین یوم کی جھاڑ سے شفا ہو جائے گی۔

دائرہ یہ ہے۔



برائے دفع چیچک

اگر اس آیت کا تعویذ گلے میں رکھے گا ہرگز نہ نکلے گی۔ اگر نکل آئے تعویذ کو دھو کر پلائے بفضلہ جلد شفا ہوگی۔

آیت کریمہ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ط

باب۵ ـ متفرق عملیات ـ قضائے حاجات

دشمن سے حفاظت ـ چور کا پتہ لگانا وغیرہ

برائے رہائی از جیل خانہ

قیدیوں کے نیچے کی مٹی اور جیل خانہ کی رسی لیوے ـ اور دونوں کو ملا کر ٹکیاں بنا لیوے ـ ان ٹکیوں پر پیر کے دن بحساب ا بعد نماز صبح کے بعد الف سے طا تک لکھے اور قیدی ان کو اپنے بازو پر لٹکا وے ـ انشاء اللہ جلدی رہائی پاوے۔

چور معلوم کرنے کا عمل

چوری کا جن پر شبہ ہو ان کے نام علیحدہ علیحدہ کاغذ پر لکھ کر گیہوں کے آٹے میں گولے بنائیں اور ایک طشت پانی سے بھر لیں اور اس کے بعد آیت الکرسی اور چاروں قل ایک مرتبہ پڑھ کر ان گولوں کو پانی میں ڈالیں ـ چور کے نام کا گولہ اوپر آ جائے گا ـ اور باقی غرق ہو جائیں گے ـ لیکن حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے القول الجمیل میں فرمایا ہے کہ اس قسم کے اعمال پر یقین کا درجہ نہ رکھے ـ اور خواہ مخواہ متہم شخص سے نہ الجھے گرچہ اس کا نام بھی عمل میں نکل آئے ـ اس لئے کہ معاملہ حقوق العباد کا ہے اور یہ اعمال ظنی ہیں قطعی اور یقینی نہیں۔

برائے نیش تتیا

نبہ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پھر دوسری مرتبہ زمین پر تھوک دیوے اور اس کے لعاب میں مٹی ملا کر جس جگہ پر جانور نے کاٹا ہو ملے۔

برائے خلاصی از قرض

سورۃ اذا جاء نصر اللہ تمام کو چالیس مرتبہ بعد نماز فجر پڑھنا پابندی سے مجرب ہے۔

دشمن یا بادشاہ کا خوف ہو

یعنی ان سے تکلیف پہنچی ہو یا پہنچنے کا خطرہ ہو تو یہ عمل جو کہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی سے بطریق حضرت شیخ عبد القادر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ منقول ہے کرے ـ بعد نماز تہجد ۱۱ سو مرتبہ آیت کریمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پڑھے اور اول و آخر اس آیت پڑھنے کے ۱۱ـ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا کرے ـ طہارت ـ مکان و جسم قلب و زبان شرط ہے۔

عمل برائے دفع دشمنان

بعد نماز عشاء دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ فیل سات مرتبہ پڑھے سلام پھیرنے کے بعد پڑھے ـ وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ کو ظُلْمًا تک چالیس مرتبہ انشاء اللہ دشمن چلا جائے گا۔

برائے بند نمودن مار

یعنی سانپ کو کیل دینا جس سے وہ حرکت نہ کر سکے ـ جن کنکریوں پر پانی نہ لگا ہو ـ

اور پھر سات مرتبہ [illegible] پڑھ کر دم کرے اور سانپ پہلے وہیں جگہ سے حرکت نہ کر سکے گا

دشمن کی تباہی کے لئے

آخر ماہ میں جمعہ کے دن پچاس کنکر مسجد کی جھاڑو یا کوڑے سے لیوے اور کچھ مٹی اجاڑ جگہ کی اور کچھ مٹی کسی اجاڑ مسجد کی اور کچھ مٹی کسی اجاڑ مکان کی اور ہر کنکر پر پچاس پچاس بار الم ترکیف پڑھ کر دم کرے اور سب کو جلا دے راکھ دشمن کے مکان میں ڈالے برباد ہو جائے گا۔

صلوٰۃ قضائے حاجات

